www.aliffurdu.com الف اردو

PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
EXAMINATION 2019, GRADE - 8
URDU PART-A(ObjectiveType)

MODEL PAPER

Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

Student Name (In Capitals)	

Roll Number (In Figures)			-				-			

Total Marks MCQs	
Signature of Assistant	
Signature of Head Examiner	

For Official Use Only

Signature of Dy.Superintendent (CNIC):_____

عمومی ہدایات:

(۱) غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں۔

(۲) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: چیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ (c) ڈینگی (d) کانگو

(۳) لکھنے کے لیے کالی/نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(۴) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

کل وقت: 1 گھنٹہ 15 منٹ	اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات	کل نمبر: 48

ہدایات: اس حصہ میں بتیس (32) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ ''چائے بنائی گئی۔'' فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) امی جان نے چائے بنائی۔ (b) میں نے چائے پی۔ (c) تم چائے پیتے ہو۔ (d) چائے بن گئی ہے۔

سوال نمبر 2۔ مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے درست استعمال کی مثال ہے:

(a) وہ گرتے گرتے بچا۔ (b) وہ کھاتے کھاتے تھک گئے۔ (c) تم بہت کھوئے کھوئے ہو۔ (d) گل نے باغ سے گل توڑا۔

www.aliffurdu.com الف اردو

سوال نمبر3۔ ضمانت دینے والا کہلاتا ہے:

(a) ضامن (b) ضعیف (c) ضیغم (d) ضدی

سوال نمبر4۔ کسی کے ساتھ تعلق بہت گہرا ہو لیکن وہ لمبے عرصے کے بعد ملنے آئے تو ایسے شخص کے لیے کہا جاتا ہے:

(a) چراغ سحری ہونا (b) عملی جامہ پہنانا (c) عید کا چاند ہونا (d) حق ادا کرنا

سوال نمبر5۔ محاورے کے لحاظ سے درست جواب کی نشان دہی کریں: اس کی دلیلوں کے سامنے تمھاری دال۔۔۔۔نظر نہیں آتی۔

(a) پکتی (b) گلتی (c) بنتی (d) بٹتی

سوال نمبر6۔ اس نے ڈرتے ڈرتے اپنے باپ کے سامنے اپنی چھوٹی سی غلطی کا اقرار کر لیا تو باپ کو اس پر پیار آ گیا اور اسے کچھ نہ کہا، سچ کہتے ہیں:

(a) چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے (b) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی

(c) سانچ کو آنچ نہیں (d) جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے

سوال نمبر7۔ الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ ''بے'' لگے گا؟

(a) نور، ایمان، ضمیر (b) مراد، ہنر، نیک (c) ماہر، نصیب، خط (d) معلوم، ضمیر، ہوا

سوال نمبر8۔ الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) یار، رفیق، قناعت، تربیت (b) رفیق، یار، قناعت، تربیت (c) قناعت، رفیق، تربیت، یار (d) رفیق، قناعت، یار، تربیت

سوال نمبر9۔ ''دیوار بنائی گئی۔'' فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہوگا:

(a) دیوار بنائی گئی ہوگی۔ (b) دیوار بنائی گئی ہے۔ (c) دیوار بنائی گئی تھی۔ (d) معمار نے دیوار بنائی۔

سوال نمبر10۔ زیادہ باتیں کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) بے کار (b) بھکاری (c) نادان (d) باتونی

سوال نمبر11۔ الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ ''پوش'' لگے گا؟

(a) میز، ہوش، یقین **(b)** تعلق، خطا، راحت **(c)** سبز، اختیار، پسند **(d)** نقاب، میز، سبز

سوال نمبر12۔ الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) ذکر، کاغذ، رقم، مال **(b)** کاغذ، ذکر، رقم، مال **(c)** رقم، کاغذ، ذکر، مال **(d)** مال، کاغذ، ذکر، رقم

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر **16,15,14,13** اور **17** کا جواب دیں۔

یہ ہر آدمی کے مزاج اور ذوق پر منحصر ہے کہ کس کے لیے کون سی بات فرحت بخش ہے لیکن اتنی بات طے ہے کہ تفریح صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ تر و تازہ ہو کر مستعدی سے کام کرنے کے لیے بھی تفریح ضروری ہے۔ آپ تفریح کے لیے جس کام کو چاہے منتخب کریں لیکن انتخاب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ وہ کام صحیح معنوں میں آپ کو فائدہ پہنچانے والا ہو۔ ایسا نہ ہو کہ آپ جس کام کو راحت بخش سمجھ رہے ہوں، وہی آپ کے لیے مضر ہو، مثلاً کھیل کود کے کام عام طور پر تفریح کے کام ہیں، لیکن اگر آپ انتہائی گرمی کے دنوں میں کرکٹ اور فٹ بال وغیرہ کھیلیں گے تو بیمار پڑ جائیں گے۔ اسی طرح دور دراز کے کسی پہاڑی مقام کی سیر سے بھی تفریح کی لذت حاصل ہوتی ہے لیکن اگر سفر کے اخراجات پورے کرنے کے لیے پیسے نہ ہوں تو پھر قرض لینا پڑے گا۔ ایسی تفریح آپ کے لیے بعد میں پریشانی کا سبب بن سکتی ہے۔

سوال نمبر13۔ عبارت کے مطابق صحت کے لیے بہت ضروری ہے:

(a) دولت **(b)** راحت **(c)** تفریح **(d)** طاقت

www.aliffurdu.com الف اردو

سوال نمبر 14۔ ''مستعدی سے کام کرنے کے لیے بھی تفریح ضروری ہے۔''اس جملے میں''مستعدی'' سے مراد ہے:

(a) آہستگی (b) صفائی (c) سستی (d) چستی

سوال نمبر 15۔ عبارت کے مطابق کس موسم میں کرکٹ کھیلنا بیماری کا سبب بن سکتا ہے؟

(a) گرما (b) سرما (c) برسات (d) خزاں

سوال نمبر 16۔ عبارت کے مطابق تفریح کے لیے قرض لینے سے بعد میں ہوسکتی ہے:

(a) خوشی (b) پریشانی (c) تسکین (d) راحت

سوال نمبر 17۔ اس عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) کھیل برائے تفریح (b) صحت کے مسائل (c) پہاڑی مقام کی سیر (d) تفریح کا انتخاب

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 21,20,19,18 اور 22 کا جواب دیں۔

گلاب اپنی آپ بیتی سناتے ہوئے کہتا ہے کہ میں ایک خزاں زدہ پھول ہوں۔ابتدا میں میری خوب صورتی تمام پھولوں سے منفرد تھی۔ہوا یہ کہ میں ایک سکول کے باغیچے میں ایک صحت مند پودے پر نمودار ہوا۔میری رنگت،تازگی اور خوش بو باقی پھولوں سے بہتر جب کہ شکل سب سے نمایاں تھی۔تمام پرندے میری خوب صورتی پر رشک کرتے تھے اور تمام طلبہ بھی مجھے پیار کی نظر سے دیکھتے تھے۔اس صورتِ حال کو دیکھ کر میں غرور میں آ گیا۔یہی میری سب سے بڑی غلطی تھی کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو غرور زیب نہیں دیتا۔میرے زوال کے دن شروع ہو گئے۔آٹھویں جماعت کی ایک طالبہ نے مجھے بڑی بے دردی سے پودے سے توڑا اور اپنے جُوڑے میں سجا لیا۔مجھے پہلے تو بہت تکلیف ہوئی مگر جب باقی طالبات نے مجھے اس کے جوڑے میں پسند کیا تو مجھے کچھ تسلی ہوئی۔میں کچھ دیر تک تو مطمئن رہا مگر پودے سے علیحدگی کی وجہ سے میں آہستہ آہستہ مرجھانے لگا۔جب میری تازگی،رنگت،شکل اور خوش بو ماند پڑ گئی تو اس لڑکی نے نہایت بے دردی سے مجھے اپنی کتاب میں بند کر دیا۔ایک طرف تو میرا دم گھٹ گیا تو دوسری طرف میری وجہ سے کتاب کی جلد اور اوراق خراب ہونے لگے۔ایک دن ٹیچر نے وہ کتاب کھولی تو اسے صورتِ حال کا علم ہوا۔اس نے تمام طلبہ کو پیار سے سمجھایا کہ پھول باغ کی زینت ہوتے ہیں۔انھیں توڑنا نہیں چاہیے اور انھیں اوراق میں رکھ کر کتابوں کو خراب نہیں کرنا چاہیے۔

سوال نمبر 18۔ ''اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو غرور زیب نہیں دیتا۔''اس جملے میں''زیب'' سے مراد ہے:

(a) برا لگنا (b) سجنا (c) چمکنا (d) دکھائی دینا

سوال نمبر 19۔ عبارت کے مطابق گلاب اپنی کس حالت کی وجہ سے اپنی کہانی سنا رہا ہے:

(a) تازہ (b) عجیب (c) دلکش (d) بوسیدہ

سوال نمبر 20۔ گلاب کے بقول،اس کے زوال کا سبب بنا:

(a) عجز (b) تکبّر (c) رشک (d) حسد

سوال نمبر 21۔ اس عبارت سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(a) باغ کی سیر کا (b) شجر کاری کا (c) پھول سجانے کا (d) پھولوں کی حفاظت کا

سوال نمبر 22۔ عبارت کے مطابق پہلے پہل گلاب کی باقی پھولوں سے نمایاں ہونے کی وجہ تھی:

(a) شکل (b) خوش بو (c) رنگت (d) تازگی

www.aliffurdu.com الف اردو

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 26,25,24,23 اور 27 کا جواب دیں۔

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں جماعت ہشتم کی طالب علم ہوں۔ آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ ہمارے سکول کے واش رومز کے آگے مسلسل پانی کھڑا رہتا ہے۔ یہ پانی مچھر کی افزائش کا باعث بن سکتا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ دیگر بیماریوں کے ساتھ ساتھ مچھروں کے ذریعے آج کل ڈینگی وائرس بھی تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جب کہ اس مہلک مرض سے بچنا نہایت ضروری ہے۔ مہربانی فرما کر جلد از جلد اس پانی کے نکاس کا انتظام کیا جائے، تا کہ ڈینگی جیسی ممکنہ بیماریوں سے بچا جا سکے۔ شکریہ

سوال نمبر 23۔ عبارت کے مطابق درخواست دہندہ کا تعلق ہے:

(a) طالبات سے (b) والدین سے (c) ملازمین سے (d) اساتذہ سے

سوال نمبر 24۔ عبارت کے مطابق کس چیز کو دیکھ کر درخواست لکھی گئی؟

(a) بیماری (b) کھڑا پانی (c) گھاس (d) وائرس

سوال نمبر 25۔ ''مچھر کی افزائش کا باعث بن سکتا ہے۔'' اس جملے میں ''افزائش'' سے مراد ہے:

(a) نشوونما (b) خوشی (c) موت (d) زندگی

سوال نمبر 26۔ ڈینگی وائرس کے پھیلنے کا سبب ہے، ایک خاص:

(a) بھڑ (b) مکڑی (c) مکھی (d) مچھر

سوال نمبر 27۔ عبارت کے مطابق درخواست کا مقصد ہے، سکول میں اسے:

(a) بیماریوں کا خاتمہ (b) جمع شدہ پانی کا نکاس (c) صفائی ستھرائی (d) مچھر مار مہم کا آغاز

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 31,30,29,28 اور 32 کا جواب دیں۔

ستمبر ۱۹۶۵ء میں دشمن نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمارے ملک پر حملہ کر دیا اور کئی ایک سرحدی چوکیوں پر قبضہ کر لیا۔ اس صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے پلاٹون کمانڈر نے چند جوانوں کو بلا کر کہا کہ دشمن نے ہماری اگلی چوکیوں پر قبضہ کر لیا ہے، اس لیے ہمیں شاید یہ چوکی بھی خالی کرنی پڑے۔ ایک جوان بولا: ''جناب دشمن کو روکنے کی کوئی تدبیر ہو سکتی ہے؟'' کمانڈر نے کہا: ''ہاں! اگر ہم میں سے کوئی جرأت و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگے بڑھے۔'' وہ جوان آگے بڑھنے کو تیار ہو گیا۔ کمانڈر نے اسے چھینی گئی چوکی دشمن سے واپس لینے کا ہدف دیا تو جوان نے کہا: ''میں دشمن سے اپنی چوکی خالی کرا کے ہی دم لوں گا۔'' یہ کہہ کر اس جوان نے اپنی سٹین گن اٹھائی، کمر کی پٹی سے دستی بم باندھے اور اپنے فوجی دستے کے ساتھ سلام کرتا ہوا نکل گیا۔ یہ جوان لانس نائیک لال حسین تھا جس نے نہ صرف دشمن ملک ہندوستان سے چھینی ہوئی پاکستانی چوکی خالی کرائی بلکہ دشمن کو میدان سے بھاگنے پر مجبور کر دیا۔ اس لڑائی کے دوران دشمن کی ایک گولی ان کے جسم میں پیوست ہو گئی مگر وہ اسی حالت میں لڑتے رہے اور آخرِ کار شہید ہو گئے۔ حکومت کی طرف سے انھیں ان کی جرأت و بہادری پر ''تمغائے جرأت'' دیا گیا۔

سوال نمبر 28۔ ستمبر ۱۹۶۵ء میں کس ملک نے حملہ کیا؟

(a) افغانستان (b) ہندوستان (c) ایران (d) پاکستان

سوال نمبر 29۔ عبارت کے مطابق دشمن کی پیش قدمی روکنے کے لیے ضروری تھا:

(a) نفری بڑھانا (b) مورچوں پر ڈٹے رہنا (c) چھینی گئی چوکی کی واپسی (d) پیچھے ہٹنا

سوال نمبر 30۔ لانس نائیک لال حسین کس اسلحے کے ساتھ دشمن پر حملہ آور ہوا؟

(a) سٹین گن اور دستی بم (b) چاقو اور بندوق (c) پستول اور تلوار (d) بندوق اور پستول

سوال نمبر 31۔ ''جرأت'' کا ہم معنی لفظ ہے:

(a) لڑائی (b) خوف (c) بزدلی (d) بہادری

سوال نمبر 32۔ بہادری کا مظاہرہ کرنے پر لانس نائیک، لال حسین کو حکومت کی طرف سے دیا گیا:

(a) نشانِ حیدر (b) نشانِ امتیاز (c) تمغائے جرأت (d) ستارۂ بسالت

www.aliffurdu.com الف اردو

www.aliffurdu.com الف اردو

PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
EXAMINATION 2019, GRADE 8
URDU PART – A (Objective Type)

Model Paper

KEY

Question No.	Key
1	**A**
2	**D**
3	**A**
4	**C**
5	**B**
6	**C**
7	**A**
8	**A**
9	**D**
10	**D**
11	**D**
12	**B**
13	**C**
14	**D**
15	**A**
16	**B**
17	**D**
18	**B**
19	**D**
20	**B**
21	**D**
22	**A**
23	**A**
24	**B**
25	**A**
26	**D**
27	**B**
28	**B**
29	**C**
30	**A**
31	**D**
32	**C**

www.aliffurdu.com الف اردو

www.aliffurdu.com الف اردو

PUNJAB EXAMINATION COMMISSION

EXAMINATION 2019, GRADE- 8

URDU PART - B (Subjective Type Paper)

MODEL PAPER

Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks

Student Name (in Capital Letters)	

Roll Number (In Figures)			-				-			

Signature of Dy.Superintendent(CNIC):_____

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

Q.No.	Marks	Signature of Sub Examiner	Signature of Assistant	Signature of H.E
33				
34				
35				
36				
37				
38				
Total				

For Official Use Only

عمومی ہدایات:

۱) غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب تحریر کریں۔

۲) ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

۳) ہر سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ کو جواب دینے کے لیے استعمال کریں۔ لکھنے کے لیے کوئی اضافی صفحہ نہیں دیا جائے گا۔

۴) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ	اُردو (حصہ ب) انشائی طرز کے سوالات	کل: 52 نمبر

سوال نمبر 33- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر دی گئی ہدایت کے مطابق اپنی رائے تحریر کریں۔ (8 نمبر)

عاصمہ اپنے سکول کی بہترین مقررہ تھی۔ اس نے سالانہ تقریری مقابلے کے لیے مکمل تیاری کر رکھی تھی۔ اسے سکول میں منعقد ہونے والے ان مقابلوں کا شدت سے انتظار تھا۔ آخر کار وہ دن آ ہی گیا۔ وہ تقریری مقابلے میں شرکت کے لیے سکول جانے لگی تو اچانک تیز بارش شروع ہو گئی۔ اس کا سکول گھر سے ایک کلومیٹر کے فاصلے پر تھا۔ وہ کسی کسی دن تو پیدل سکول جاتی تھی اور کبھی اس کا بھائی اسے موٹر سائیکل پر چھوڑ آتا تھا۔ وہ تقریری مقابلہ چھوڑنا نہیں چاہتی تھی لیکن پریشان تھی کہ اتنی بارش میں وہ پیدل جائے، بھائی کے ساتھ جائے یا کچھ اور طریقہ اختیار کرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر آپ عاصمہ کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ اپنے عمل اور اس کی وجوہات کے بارے میں آٹھ جملے لکھیں:

.....

.....

.....

.....

www.aliffurdu.com الف اردو

سوال نمبر 34- کمرۂ جماعت کی چھت بارش میں ٹپکتی ہے۔اس کی مرمت کرانے کے لیے سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل کے نام درخواست لکھیں۔ (8نمبر)

سوال نمبر 35- درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور اپنے الفاظ میں ہر شعر کی الگ الگ تشریح لکھیں۔ (8نمبر)

i- اپنا رشتہ ،اپنی منزل ،اپنی دھوپ اور چھاؤں ایک
خوشیاں سانجھی، آنسو سانجھے، نگری گاؤں گاؤں ایک

ii- ایک ہی رستہ ہم سب کا ہے،ہم سب کی ہے منزل ایک
ساگر اور سمندر اپنے ہم سب کا ہے ساحل ایک

.....

سوال نمبر 36- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (8 نمبر)

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے شمار پھلوں سے نوازا ہے۔ان تمام پھلوں میں آم اور کینو کو سب سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔آم کو پھلوں کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے۔صوبہ سندھ کے ساتھ ساتھ پنجاب کے گرم علاقوں میں اس کی پیداوار بہت زیادہ ہے۔آم کی بہت سی اقسام ہیں مثلاً سندھڑی، لنگڑا، چونسا، فجری اور دوسہری وغیرہ۔یہ آم شکل وصورت اور جسامت میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ آم کی یہ قسمیں اپنا اپنا ذائقہ اور اور تاثیر رکھتی ہیں۔آم کھانے کے بھی بے شمار انداز ہیں۔کوئی اسے نرم کر کے چوستا ہے، کوئی کاٹ کر کھاتا ہے اور کوئی اسے چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے چمچ اور کانٹے کی مدد سے کھانا پسند کرتا ہے۔پاکستان میں پیدا ہونے والا کینو دنیا بھر میں مقبول ہے۔پنجاب میں بھلوال اور اس سے ملحقہ علاقے بہترین قسم کے کینو کی پیداوار دے رہے ہیں۔اگرچہ مسمّی، فروٹر اور سنگترہ بھی اسی نسل کے پھل ہیں لیکن ذائقے اور تاثیر کے لحاظ سے کینو اپنی مثال آپ ہے۔اس کے علاوہ آم اور کینو جیسے تمام پھل کسانوں کے روزگار کا بہترین ذریعہ بھی ہیں۔

(الف) پاکستان میں پائی جانے والی آم کی اقسام میں سے کوئی سے دو کے نام لکھیں۔ (2 نمبر)

.....

.....

(ب) عبارت کے مطابق آم کھانے کے کون کون سے طریقے ہیں؟ (2 نمبر)

.....

.....

(ج) پاکستان میں کینو کی کون کون سی اقسام پائی جاتی ہیں؟ (2 نمبر)

.....

.....

(د) بہترین کینو کی پیداوار کے حوالے سے پاکستان کے کون سے علاقے مشہور ہیں؟ (2 نمبر)

.....

.....

سوال نمبر 37- اردو شاعری کے متعلق دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں جو دس سطروں پر مشتمل ہو۔ (10 نمبر)

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

www.aliffurdu.com الف اردو

سوال نمبر 38- آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار دس جملوں پر مشتمل پیراگراف میں کریں۔ (10 نمبر)

www.aliffurdu.com الف اردو

PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
EXAMINATION 2018, GRADE-8
URDU PART-B(Subjective Type)
RUBRICS & MARKING SCHEME

RUBRICS/ MARKING SCHEME

نوٹ: (i) سوال کے کسی بھی حصے کا متن غیر متعلق ہونے کی صورت میں صرف اسی حصے کا صفر نمبر دیا جائے۔
(ii) ہر سوال میں املا کے حوالے سے ایک تا تین لفظی غلطیوں تک نمبر نہ کاٹا جائے، ہر چار لفظی غلطیوں پر ایک نمبر کاٹا جائے۔ زیادہ سے زیادہ دو نمبر کاٹے جائیں۔ ہر سوال کے مجموعی نمبروں میں سے املا کی غلطیوں کے نمبر لکھ کر منہا کیے جائیں۔
(iii) لازم ہے کہ ہر سوال کے اجزا کے الگ الگ نمبر لگائے جائیں اور ان کا مجموعہ دائرے میں درج کیا جائے۔
(iv) سوالات کے نمبر، آخر میں دیے گئے نمونے کے جوابات کی مثالوں کے مطابق دیے جائیں۔

(مارکنگ سکیم)

سوال نمبر 33- کہانی کے ایک پہلو کا انتخاب کل نمبر = 08

عنوانات	بالکل درست جواب	جزوی درست جواب	بالکل غلط جواب
(i) ساخت:	آٹھ جملے ساخت کے لحاظ سے درست ہوں: (ہر درست جملے کا 1/2 نمبر) 04 نمبر	ہر جزوی درست جملے کا: 1/4 نمبر	ہر جملے کی ساخت بالکل غلط ہو: 0 نمبر
(ii) ترتیب:	لکھے گئے جملے ترتیب کے لحاظ سے درست ہوں: 01 نمبر	لکھے گئے جملے ترتیب کے لحاظ سے جزوی درست ہوں: 1/2 نمبر	ہر جملے کی ترتیب بالکل غلط ہو: 0 نمبر
(iii) کردار کا چناؤ:	طرز تحریر سے کردار کے متوقع افعال کی وضاحت 01 نمبر	طرز تحریر سے کردار کے متوقع افعال کی ادھوری وضاحت 1/2 نمبر	بالکل غلط: 0 نمبر
(iv) ماحول سازی:	صورتِ حال درست کرنے کے لیے موزوں لائحہ عمل کا انتخاب: 01 نمبر	صورتِ حال درست کرنے کے لیے جزوی قابلِ قبول لائحہ عمل کا انتخاب: 1/2 نمبر	غیر موزوں لائحہ عمل کا انتخاب: 0 نمبر
(v) گرامر اور رموزِ اوقاف:	افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 01 نمبر	افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1/2 نمبر	افعال اور علامات دونوں بالکل غلط: 0 نمبر

سوال نمبر 34- درخواست لکھنا کل نمبر = 08

i۔ ابتدائیہ: 02 نمبر

(الف) سرنامہ:	اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل اور سکول کا نام دونوں لکھے: 01 نمبر	اگر بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل یا سکول کا نام دونوں میں سے ایک لکھے: 1/2 نمبر	دونوں میں سے کچھ نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 0 نمبر
(ب) القاب:	اگر القاب علامتِ ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں: جنابِ عالی!/ جنابِ عالیہ!/ جنابِ والا! وغیرہ: 01 نمبر	اگر القاب بغیر علامتِ ندائیہ کے لکھے تو: 1/2 نمبر	دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں: 0 نمبر

www.aliffurdu.com الف اردو

ii۔ نفسِ مضمون: 04 نمبر

(الف) ربطِ مضمون	جملوں کی ساخت اور ترتیب دونوں درست ہوں: 01 نمبر	اگر جملوں کی ساخت یا ترتیب دونوں میں سے ایک درست ہو: 1/2 نمبر	جملوں کی ساخت اور ترتیب دونوں غلط ہوں: 0 نمبر
(ب) توجیہات	توجیہات واضح ہوں: 02 نمبر	اگر توجیہات غیر واضح ہوں: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	توجیہات پیش نہ کرے یا غلط ہوں: 0 نمبر
(ج) گرامر اور رموزِ اوقاف:	اگر افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 01 نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1/2 نمبر	اگر افعال او رعلامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر

iii۔ خاتمہ: 02 نمبر

(الف) تعارف درخواست دہندہ	العارض/درخواست گزار/عرض گزار وغیرہ کے ساتھ حروفِ ابجد/نام/رول نمبر/جماعت/اسکول 01 نمبر	صرف درخواست گزار/العارض/عرض گزار لکھے یا صرف حروفِ ابجد/نام/رول نمبر/جماعت/اسکول / گھر کا پتا لکھے: 1/2 نمبر	دونوں ہی نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 0 نمبر
(ب) تاریخ:	۲۶۔فروری ۲۰۱۷ء/ ۲۶ر فروری ۲۰۱۷ء/ ۲۶ فروری ۲۰۱۷ء / ۲۶،فروری ۲۰۱۷ء (مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے) 01 نمبر	26۔فروری 2017 / 26 فروری 2017 /26 فروری 2017/ فروری ۲۰۱۷ء/ ۲۶ فروری 2017ء/ ۲۶ فروری (مہینہ لفظوں میں لکھنا ضروری ہے) 1/2 نمبر	/26-02-2017 /۲۶۔۰۲۔۲۰۱۷ء/ /26/02/2017 ۲۰۱۷۰۲۲۶ء: 0 نمبر

سوال نمبر35- اشعار کی تشریح کرنا کل نمبر= 08

پہلا اور دوسرا شعر:	پہلے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر: 3 نمبر دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر: 3 نمبر نوٹ: دونوں اشعار کی تشریح قطعہ بند شکل میں بھی ہوسکتی ہے۔اس صورت میں بھی نمبر دیے جائیں۔ 3+3 =6 نمبر	پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو : 01 تا 02 نمبر دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو: 01تا02 نمبر	پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر
گرامر اور رموزِ اوقاف:	افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 02 نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	اگر افعال اور علامات دونوں بالکل غلط ہوں: 0 نمبر

www.aliffurdu.com الف اردو

سوال نمبر36- عبارتی سوالوں کے جواب لکھنا کل نمبر= 08

جزو(الف)	عبارت کے مطابق مکمل درست جواب دے: 02 نمبر	اگر جزوی درست جواب دے: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
جزو(ب)	عبارت کے مطابق مکمل درست جواب دے: 02 نمبر	اگر جزوی درست جواب دے: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
جزو(ج)	عبارت کے مطابق مکمل درست جواب دے: 02 نمبر	اگر جزوی درست جواب دے: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
جزو(د)	عنوان عبارت کے کم از کم دو پہلوؤں کی نمائندگی کرے 02 نمبر	عنوان عبارت کے صرف ایک پہلو کی نمائندگی کرے $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل غلط 0 نمبر

سوال نمبر37- دیے گئے عنوان پر دس سطری مکالمہ لکھنا کل نمبر= 10

ابتدائیہ	مکالمے کا آغاز موقع ومحل یا صورتِ حال کے ذکر سے کرے: 01 نمبر	مکالمے کا آغاز قوسین کے بغیر ہو تو: 1/2 نمبر	موقع ومحل یا صورتِ حال کا ذکر کیے بغیر آغاز ہو: 0 نمبر
مکالمہ جات	موضوع کے مطابق دس سطریں (ہر درست سطر کا 1/2 نمبر): 05 نمبر نوٹ: ابتدائیہ سطر میں شامل نہ ہے۔	ہر جزوی درست سطر کا: 1/4 نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
گفتگو میں ربط:	کرداروں کی باہمی گفتگو میں تسلسل ہونا چاہیے: 01 نمبر	گفتگو میں جزوی تسلسل ہو تو: 1/2 نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
گرامر کی درستی:	افعال کا درست استعمال: 01 نمبر	جزوی درست: 1/2 نمبر	بالکل غلط 0 نمبر
رُموزِ اوقاف:	علامات کا درست استعمال: 02 نمبر	جزوی درست: $\frac{1}{2}$ تا $1\frac{1}{2}$ نمبر	بالکل غلط 0 نمبر

سوال نمبر38- دیے گئے عنوان پر مضمون لکھنا کل نمبر= 10

(ا) پیراگراف	مضمون پیراگراف کی صورت میں ہو: 01 نمبر	مضمون پیراگراف کی بجائے حروفِ ابجد (اب ج د)/i,ii,iii/ ۱،۲،۳/1,2,3 وغیرہ کی صورت میں ہو: 1/2 نمبر	جملوں کی کوئی موزوں تنظیم نہ ہو تو: 0 نمبر
(ب) ساخت	ساخت کے لحاظ سے دس درست جملے ہوں تو: 05 نمبر	ساخت کے لحاظ سے آٹھ تا نو جملے درست ہوں : 04 نمبر ساخت کے لحاظ سے چھے تا سات جملے درست ہوں: 03 نمبر ساخت کے لحاظ سے چار تا پانچ جملے درست ہوں : 2 نمبر ساخت کے لحاظ سے دو تا تین جملے درست ہوں : 1 نمبر ساخت کے لحاظ سے ایک جملہ درست ہو : 1/2 نمبر	تعداد اور ساخت کے لحاظ سے کوئی جملہ درست نہ ہو تو: 0 نمبر
(ج) ترتیب	جملوں کی ترتیب درست ہو تو: 01 نمبر	جملوں کی ترتیب جزوی درست ہو تو: 1/2 نمبر	بالکل غلط: 0 نمبر
(د) اسلوب	موزوں اندازِ بیان: 01 نمبر	جزوی موزوں اندازِ بیان: 1/2 نمبر	غیر موزوں انداز بیان: 0 نمبر
(ہ) گرامر اور رموزِ اوقاف:	افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 02 نمبر	افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 01 نمبر	افعال اور علامات دونوں غلط ہوں: 0 نمبر

www.aliffurdu.com الف اردو